# الکتاب

# مُعتبر کلام

کورس نمبر ۱

بہت سے لوگ اِلہامی کتابوں کے پیغام اور خُداوند تعالیٰ کی ذات سے اچھی طرح واقف نہیں ہوتے۔ نہ ہی اُنہیں اُن کاموں کا عِلم ہوتا ہے جو اُس نے بنی نوعِ اِنسان کے لئے کئے۔ اِس قسم کی معلومات مُقدّس کتابوں سے حاصِل کی جاتی ہیں۔ اِس سِلسلہ میں الکتاب کے چار کورس ترتیب دِئے گئے ہیں جِن کے نام یہ ہیں:

مُعتبر کلام
خُدا اور انسان
المسیح اور خُدا کی بادشاہی
المسیح اور اُنکے پیروکار

یہ اِن میں سے ایک کورس ہے۔ اِس سے بائبل مُقدّس اور اسکی تعلیمات کا تفصیلی مُطالعہ تو نہیں ہو گا البتہ آئندہ مُطالعہ کیلئے بُنیاد فراہم ہو جائے گی۔ ہم آپ کو پاک صحائف کے مُطالعہ کی دعوت دیتے ہیں تاکہ آپ کو خُداوند تعالیٰ اور بنی نوعِ اِنسان کے لئے اُسکے عجیب و غریب کاموں سے زیادہ واقفیت حاصِل ہو۔

www.Nurul-Haque.org

# الکتاب

کورس نمبر ۱

# مُعتبر کلام

○
○
○

ناشرین

مسیحی اشاعت خانہ

۳۶ فیروز پور روڈ، لاہور

www.Nurul-Haque.org

# فہرستِ مضامین


| | |
|---|---|
| سبق نمبر ۱ | بائبل مُقدّس کیا ہے؟ |
| سبق نمبر ۲ | بائبل مُقدّس کیسے وجُود میں آئی؟ |
| سبق نمبر ۳ | ہم بائبل مُقدّس کی صداقت پر کیوں یقین رکھ سکتے ہیں؟ (۱) |
| سبق نمبر ۴ | ہم بائبل مُقدّس کی صداقت پر کیوں یقین رکھ سکتے ہیں؟ (۲) |


# عزیز طالبِ علم!

ہم آپ کو مسیحی ایمان کے اِس کورس کا مُطالعہ کرنے کے لئے خوش آمدید کہتے ہیں۔

تیرھویں صدی عیسوی کے مشہور مُسلمان شاعر مولانا جلال الدین رومی نے ایک ہاتھی کی کہانی یُوں سُنائی۔ کچھ لوگ ایک ہاتھی کو عرب سے آئے تھے۔ اسے دیکھنے کے لئے لوگوں کا جمِ غفیر جمع ہوگیا۔ جس کمرے میں ہاتھی کو رکھا گیا تھا اُس میں بہت اندھیرا تھا۔ لہٰذا لوگ اُسے دیکھ نہیں سکتے تھے بلکہ چھُو کر ہی اندازہ لگا سکتے تھے کہ ہاتھی کیسا ہوتا ہے۔ چنانچہ ایک نے اُس کی سُونڈ کو چھُو کر کہا کہ ہاتھی پائپ جیسا ہوتا ہے۔ دُوسرے نے اُس کے کان کو چھُوا اور کہا کہ ہاتھی پنکھے کی مانند ہوتا ہے۔ جس نے اُس کا پہلو چھُوا اُس نے کہا کہ ہاتھی تو دیوار جیسا ہے۔ جس کے ہاتھ پاؤں پر لگے اُس نے کہا کہ وُہ درخت کی مانند ہے اور جس کے ہاتھ میں دُم آ گئی اُس نے سوچا کہ ہاتھی رسّی جیسا ہوتا ہے۔ یعنی جس کے ہاتھ میں جو حصّہ آیا اُس نے ہاتھی کو اُسی طرح کا سمجھ لیا۔ لیکن کسی کو بھی صحیح علم نہیں تھا کہ ہاتھی پیچ پچ کس طرح کا ہوتا ہے۔

بائبل مُقدّس کا یہ کورس برادرانِ اسلام کی مدد کے لئے تیار کیا گیا ہے تاکہ وُہ مسیحی ایمان کو اپنی اصلی حالت میں جان سکیں، جیسا کہ وُہ "الکتاب" یعنی بائبل مُقدّس میں ظاہر کیا گیا ہے۔ مُختلف مسیحی فرقوں کی روایت تو مُختلف ہو سکتی ہے لیکن اِن سب کا بُنیادی عقیدہ ایک ہی ہے۔

آپ دیکھیں گے کہ مسیحی ایمان کی حقیقت جو بائبل مُقدّس میں بیان کی گئی ہے وُہ آپ کے ذاتی نظریہ سے مُختلف ہے۔

جیسے جیسے آپ مُطالعہ کرتے جائیں گے آپ کو علم ہوتا جائے گا کہ

www.Nurul-Haque.org

# سبق نمبر ۱

سبق نمبر ۱

## بائبل مُقدّس کیا ہے؟

### ۱- بائبل سے تعارف


بائبل مُقدّس کے مُطالعہ کے بغیر مسیحیوں اور انجیلی ایمان کو سمجھنا قطعی ناممکن ہے۔

ہمیں خوشی ہے کہ آپ کھُلے دِل و دماغ کے ساتھ اِس مُطالعہ میں ہمارے ساتھ شریک ہُوئے ہیں۔ آپ کبھی نہیں پچھتائیں گے کہ آپ نے ایسا کیوں کیا۔

ہوسکتا ہے آپ کے پاس بائبل مُقدّس نہ ہو لہٰذا آپ کی سہُولت کے لئے متن میں یا سبق کے آخر میں بائبل کے اقتباسات مکمل طور پر لکھ دِئے گئے ہیں لیکن بہتر ہوگا کہ آپ اپنے لئے بائبل حاصِل کرلیں کیونکہ اِس سے آپکو مُطالعہ میں مزید مدد ملے گی۔

### ۲- بائبل ایک لائبریری ہے

اگر آپ کے پاس بائبل مُقدّس ہے تو اِسے کھولئے۔ شرُوع میں آپ کو فہرستِ کُتب ملے گی۔ اِس پر نظر ڈالنے سے آپ کو معلُوم ہوجائے گا کہ بائبل مُقدّس دو حصّوں میں تقسیم ہے، ایک پُرانا عہدنامہ اور دُوسرا نیا عہدنامہ کہلاتا ہے۔ آپ دیکھیں گے کہ ہر عہدنامہ بہُت سی "کتابوں" پر مُشتمِل ہے۔



کتبِ مقدس کی لائبریری

پرانے عہدنامہ میں ۳۹ اور نئے عہدنامہ میں ۲۷ کتابیں ہیں۔ بائبل مُقدّس ایک ہی کتاب نہیں بلکہ ۶۶ کتابوں کا مجموعہ ہے۔ گویا کہ ایک لائبریری ہے۔

اگر آپ کو کسی کتاب کا حوالہ دیکھنا ہو تو اِس فہرست کو دیکھیے۔ اِس میں ہر کتاب کے آغاز کا صفحہ نمبر بھی درج ہے۔ اور چونکہ صفحوں کے نمبر نئے عہدنامہ میں پھر ایک سے شروع ہوتے ہیں اِس لئے آپ کو یاد رکھنا ہوگا کہ آپ جس کتاب کا حوالہ دیکھنا چاہتے ہیں وہ پرانے عہدنامہ میں ہے یا نئے عہدنامہ میں۔

بائبل کی ہر کتاب کو مختلف ابواب اور ہر باب کو آیات میں تقسیم کیا گیا ہے۔ جب آپ ۱۔سموئیل ۳:۴-۱۴ پڑھتے ہیں تو اِس کا مطلب ہے سموئیل کی پہلی کتاب، باب ۳، چوتھی آیت سے لے کر چودھویں آیت تک۔

کلامِ مُقدّس کی مختلف کتابوں کو اُن کی نوعیت کے مطابق مختلف گروپوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ صفحہ نمبر ۸ کے خاکہ میں کُتب کی تقسیم دکھائی گئی ہے۔

## ۳- پُرانے عہدنامہ کی کتابیں

پُرانا عہدنامہ اُن کتابوں کا مجموعی نام ہے جو یسوع المسیح سے پہلے انبیاء نے الہام سے لکھی تھیں۔ اِس کا نام اُس "عہد" کی یاد میں رکھا گیا جو خُداوند تعالےٰ نے حضرت ابراہیم اور اُن کی اولاد سے باندھا تھا۔ پھر اسے حضرت موسیٰ اور بنی اسرائیل کے ساتھ دُہرایا گیا۔ بنی اسرائیل وُہ قوم ہے جسے خُدا نے اپنی خدمت کے لئے چُنا تھا کہ دیگر اقوام کے لئے مثال ہو تاکہ وُہ بھی خُدا تک پہنچ سکیں۔

یسوع المسیح نے ایک "نیا عہدنامہ" متعارف کرایا جو ہر کس وناکس کو زندہ خُدا کی خدمت کرنے کو کہتا ہے۔ بائبل مُقدّس کا "پیغام" کسی خاص زمانے یا طبقے تک محدود نہیں بلکہ تمام زمانوں کے تمام اہلِ ایمان کیلئے ہے۔

پُرانے عہدنامہ کی کتابوں کی گروپ بندی یوں کی گئی ہے:

### ا۔ حضرت مُوسیٰ کی کتابیں (توریت شریف)

- انہیں عبرانی میں توراہ (فقہ) اور یونانی میں پنتاتوخ (پانچ کتابیں) کہتے ہیں:

#### (۱) پیدائش

اِس کتاب میں ہمیں دُنیا اور کُل موجودات کی تخلیق کا پتہ چلتا ہے۔ نیز اِس میں حضرت آدم، حضرت نوح، حضرت ابراہیم، حضرت اضحاق، حضرت اسمٰعیل، حضرت یعقوب اور اُن کے بارہ بیٹوں کے حالاتِ زندگی بیان کئے گئے ہیں۔

#### (۲) خروج

یہ کتاب بتاتی ہے کہ خُداوند تعالیٰ نے کس طرح حضرت مُوسیٰ کی راہنمائی میں بنی اسرائیل کو مصر کی غلامی سے نکالا اور اُنہیں معجزانہ طور پر بحیرۂ قلزم پار کرا کے کوہِ سینا پر دس احکام عطا کئے۔

#### (۳) احبار

یہ کتاب کہانت، قربانیوں اور عبادات کی ترتیب سے متعلق خُداوند تعالیٰ کے احکامات پر مشتمل ہے۔ نیز اِس میں کچھ اخلاقی قوانین بھی دیئے گئے ہیں اور کفارہ اور پاکیزگی کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

www.Nurul-Haque.org

### (۴) گنتی

اِس کتاب کا نام اِس مردم شماری کے حوالے سے پڑا جو کتاب کے شروع میں مرقوم ہے۔ اِس میں کوہِ سینا سے لے کر مُلکِ موعود تک بنی اِسرائیل کے سفر، اُن کی کم ہمتی اور خُدا کی نافرمانی کرنے کا بیان ہے۔

### (۵) استثنا

اِس کتاب میں شریعت کا اعادہ کیا گیا ہے اور اُس پر عمل کرنے کے لئے الٰہی ہدایات دی گئی ہیں۔ اِس میں فرمان بردار رہنے والوں کے لئے برکتوں کا اور نافرمانوں کے لئے عذابِ الٰہی کا ذکر ملتا ہے۔ یہ کتاب اہلِ ایمان کو دعوت دیتی ہے کہ وُہ خُدا سے وَیسی ہی وفاداری سے محبت کریں جیسی وُہ اُن سے کرتا ہے۔

## ب۔ اسرائیل کی تاریخی کتابیں

یہ کتابیں حضرت مُوسیٰ کی وفات سے لیکر تقریباً ۵۰۰ قبل از مسیح تک کوئی ۱۰۰۰ (ہزار) سال کا احاطہ کرتی ہیں۔

### (۱) یشوعؔ

اِس کتاب میں حضرت مُوسیٰ کی وفات کے بعد فلسطین پر قبضہ کرنے کا بیان ہے۔

### (۲) قضاۃ

قضاۃ کی کتاب اُن قاضیوں سے متعلق ہے جو اسرائیل کی نافرمانی کے باعث مُصیبت کے ۴۰۰ (چار سَو) سال تک بنی اسرائیل پر حکمرانی کرتے رہے۔

### (۳) رُوت

اِس کتاب میں اُس عَورت کی کہانی ہے جس نے قاضیوں کے عہد میں بُت پرستی کو چھوڑ کر خُدائے واحد کو قبول کیا اور اُس کی عبادت کی۔

### (۴) ۱ اور ۲ سموئیل

اِن دونوں صحیفوں میں ساؤل بادشاہ اور داؤد بادشاہ کے عہدِ حکومت کا بیان ہے۔

### (۵) ۱ اور ۲ سلاطین

یہ کتابیں بھی بنی اِسرائیل کی تاریخ سے متعلق ہیں اور حضرت سلیمان اور اُن کے بعد اُس وقت تک کے حکمرانوں کا بیان کرتی ہیں جب ۵۹۷ ق م میں اہلِ بابل نے یروشلیم کو تباہ و برباد کر دیا تھا۔

### (۶) ۱ اور ۲ تواریخ

یہ کتابیں سموئیل نبی اور یہوداہ یعنی اسرائیل کی جنوبی سلطنت کے بادشاہوں کے عہد کا جائزہ پیش کرتی ہیں۔

### (۷) عزرا اور نحمیاہ

اِن کتابوں میں بیان ہے کہ بابل کی اسیری کے بعد کچھ یہودی واپس آئے اور یروشلیم کی دیوار اور ہیکل کو دوبارہ تعمیر کیا۔

### (۸) آستر

اِس کتاب میں لکھا ہے کہ خُدا نے اپنے لوگوں کو ایرانی حکومت کے تشدّد

www.Nurul-Haque.org

سے بچانے کے لئے کس طرح ایک یہودی لڑکی کو مختلف مرحلوں میں سے گزار کر اسے ایران کی ملکہ بنا دیا۔

## ج۔ شاعرانہ کتابیں

یہ کتابیں اُس دور کے شاعرانہ انداز میں لکھی گئی ہیں۔

### (۱) ایوب

یہ کتاب حضرت ایوبؑ کے حالاتِ زندگی سے متعلق ہے۔

### (۲) زبور

اِس کتاب میں زیادہ تر اسرائیل کے بادشاہ حضرت داؤدؑ کی لکھی ہوئی دعائیں اور حمد و ثنا کے گیت ہیں۔

### (۳) امثال

اِس کتاب میں راستبازی کے لئے عملی ہدایات دی گئی ہیں۔

### (۴) واعظ

یہ کتاب بتاتی ہے کہ انسان کے اپنے خیالات خُدا کے حضور کیسے فضول اور احمقانہ ہیں۔

### (۵) غزل الغزلات

یہ عشقیہ گیتوں کا مجموعہ ہے۔

### (۶) نوحہ

یہ کتاب اُن دردناک مصائب سے متعلق ہے جو یروشلیم کے باشندوں نے اہلِ بابل کے ہاتھوں سہے جب اُن کا شہر تباہ کیا جا رہا تھا۔

## د۔ انبیائے کے صحائف

اِن صحیفوں میں انبیائے کرام نے لوگوں سے خُدا کی طرف سے کلام کیا۔ اُنہیں صحیح رستہ بتایا، بُرے کاموں سے روکا اور خُدا کی عدالت کا اعلان کیا۔ نیز مستقبل قریب اور مستقبل بعید کی پیش گوئیاں بھی کیں۔

### (۱) انبیائے اکبر

حضرت یسعیاہ، حضرت یرمیاہ، حضرت حزقی ایل اور حضرت دانی ایل "بڑے" نبی مانے جاتے ہیں کیونکہ اُن کے نوشتے نسبتاً بڑے ہیں۔

### (۲) ۱۲ انبیائے اصغر

بارہ ۱۲ انبیائے کرام کو "چھوٹے" نبی کہا جاتا ہے، اِس لئے نہیں کہ اُن کا پیغام کم اہمیت کا حامل ہے بلکہ اِس لئے کہ انبیائے اکبر کی نسبت اُن کے نوشتے چھوٹے ہیں۔ پُرانے عہدنامہ کی ۳۹ کتابوں کو ۲۷ مُصنّفین نے ۱۵۰۰ ق م سے ۴۰۰ ق م کے دوران قلم بند کیا۔

## ۲۔ نئے عہدنامہ کی کتابیں

بائبل مُقدّس کا دوسرا بڑا حصہ تقریباً ساٹھ ۶۰ سالوں (۳۰ - ۹۶ عیسوی) میں لکھا گیا۔ اِس میں زیادہ تر یسوع المسیح کی زندگی، آپ کی تعلیمات اور ابتدائی مسیحی کلیسیا کا بیان ہے۔ بائبل کا یہ حصہ انجیل سے شروع ہوتا ہے جسے چار ۴ مختلف مصنفوں نے تحریر کیا۔ انجیل کا لفظی مطلب ہے "خوشخبری"۔

www.Nurul-Haque.org

# ۱۔ تاریخی کتابیں

اِن میں چار انجیلیں اَور اعمال کی کتاب شامل ہے۔

## (۱) متّی

متّی یسوع مسیح کا ایک حواری تھا۔ وُہ المسیح کو یہُودی نقطۂ نظر سے بطور بادشاہ اَور مسیح موعُود پیش کرتا ہے۔ اُس نے یہ صحیفہ زیادہ تر یہُودی قارئین کے لئے لکھا۔

## (۲) مرقس

مرقس مسیح کے حواری پطرس کا سیکرٹری تھا۔ اُس نے بالخصُوص رُومیوں کو مخاطب کرکے لکھا ہے۔

## (۳) لُوقا

لُوقا یُونانی تھا۔ اُس نے اِسے غیر یہُودی نظریات وعقائد رکھنے والوں کے لئے لکھا۔

## (۴) یُوحنّا

یہ کتاب سب سے آخر میں مسیح کے ایک حواری یُوحنّا نے تصنیف کی جس میں یسوعؔ کی شخصیت اَور اُن کی تعلیمات پر زور دیا گیا ہے

## (۵) رسُولوں کے اعمال

حضرت لُوقا کی لکھی ہُوئی یہ کتاب یسوع المسیح کے آسمان پر اُٹھائے جانے، رُوح القدس کے نزُول اَور تمام دُنیا میں انجیل کی بشارت سے متعلق ہے۔

اِس کے آخر میں رُوم میں مسیحیوں پر کئے جانے والے ظلم وتشدد کو بھی بیان کیا گیا ہے۔

# ب۔ تعلیماتی خطُوط

یہ خطُوط مسیح کی تعلیمات کی روشنی میں لکھے گئے۔

> "مجھے تُم سے اَور بھی بہُت سی باتیں کہنا ہے مگر اَب تُم اُن کی برداشت نہیں کرسکتے۔ لیکن جب وُہ یعنی سچائی کا رُوح آئیگا تو تمکو تمام سچائی کی راہ دِکھائیگا۔"
>
> یُوحنّا ۱۶: ۱۲۔۱۳
>
> "لیکن مددگار یعنی رُوح القدُس جِسے باپ میرے نام سے بھیجیگا وُہی تمہیں سب باتیں سکھائیگا اَور جو کُچھ میَں نے تم سے کہا ہے وُہ سب تمہیں یاد دِلائیگا۔"
>
> یُوحنّا ۱۴: ۲۶

رُشد و ہدایت، تعلیمات اَور نبوُّت کے یہ خطُوط بھی دیگر صحیفوں کی طرح رُوح القدُس کی تحریک سے لکھے گئے۔ اِن میں انجیل کی مزید تشریح کی گئی ہے نیز یہ رُشد و ہدایت کے بے شمار مضامین کا احاطہ کرتے ہیں۔ یہ خطُوط حضرت یُوحنّا، حضرت پطرس، حضرت یعقوبُ، حضرت یہُوداہ اَور حضرت پولُس نے تحریر کیے۔ پولُس رسُول کے خطُوط کے عنوانات اِن اشخاص اَور کلیسیاؤں کے نام پر ہیں جن کے لئے یہ خطُوط لکھے گئے۔

تعلیماتی خطُوط مندرجہ ذیل ہیں:۔

## (۱) رومیوں کے نام خط

## (۲) ۱ اَور ۲ کرنتھیوں

www.Nurul-Haque.org

(۳) گلتیوں کے نام خط
(۴) اِفسیوں کے نام خط
(۵) فلپّیوں کے نام خط
(۶) کُلسّیوں کے نام خط
(۷) ۱ اَور ۲ تھِسلنیکیوں
(۸) ۱ اَور ۲ تیِمُتھِیُس
(۹) طِطُس
(۱۰) فلیمُون
(۱۱) عِبرانیوں
(۱۲) یعقوب
(۱۳) ۱ اَور ۲ پطرس
(۱۴) ۱، ۲ اَور ۳ یوحنّا
(۱۵) یہُوداہ

## ج۔ نبُوّت کی کِتاب

مکاشفہ کی کتاب نبُوّت کی کتاب ہے جسے اِنجیل کے مُصنّف یوحنّا رسُول نے تحریر کیا ہے۔ اِس میں کلیسیا اَور دُنیا کی تاریخ سے مُتعلق آخری عدالت تک آسمانی رویائیں مرقوم ہیں جو یہ ظاہر کرتی ہیں کہ خُدائے بزرگ و برتر اپنے ابدی اِرادے کو کیسے پایۂ تکمیل تک پہنچائے گا۔

---

یہاں سے کاٹیے

## ٹیسٹ نمبر ۱
# مُعتبر کلام

مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھیں:۔

۱۔ بائبل مُقدّس کو کن دو ۲ بڑے حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟
ا۔ ____________
ب۔ ____________

۲۔ بائبل مُقدّس میں کُل کتنی کتابیں پائی جاتی ہیں؟
____________

۳۔ پُرانے عہدنامہ کی کتابوں کے چار ۴ بڑے گرُوپ کون کونسے ہیں؟
ا۔ ____________
ب۔ ____________
ج۔ ____________
د۔ ____________

۴۔ نئے عہدنامہ کی کتابوں کے تین ۳ بڑے گرُوپ کون کونسے ہیں؟
ا۔ ____________
ب۔ ____________
ج۔ ____________

۵۔ نئے عہدنامہ کے رُشد و ہدایت والے خطوط کس کی تحریک پر لکھے گئے؟
____________

مندرجہ ذیل بیانات کے سامنے "دُرست" یا "غلط" لکھیں:۔

۶۔ خرُوج کی کتاب ہمیں دُنیا کی تخلیق کے بارے میں بتاتی ہے۔ ____________
۷۔ زبُور کی کتاب کا بیشتر حصّہ حضرت سلیمانؑ کا لکھا ہُوا ہے۔ ____________
۸۔ متّی یسوعؑ مسیح کا شاگرد تھا۔ ____________

www.Nurul-Haque.org